شکریہ مالک تیرا

دل کرتا ہے مالک کروں تیرا شکر ادا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

پڑھا لکھا کے والد نے کیا ہے بڑا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

ماں نے پڑھنا نماز و قرآں سکھایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

بیوی بچے ہیں دل کا چین میرا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

نعمتوں سے ہے اپنی تو نے نوازا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

گناہ کی دلدل سے تو نے نکالا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

میں تھا بے عمل، نمازی تو نے بنایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

قرآں کو سمجھ کے پڑھنا تو نے سکھایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

جھوٹ اور غیبت سے مجھے تو نے بچایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

دل کی سختی کو تو نے نرم کرایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

نفرت اور بغض سے تو نے بچایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

ہمیں صلہ رحمی کا درس تو نے دلایا — دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِن شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ

لک الحمد والشکر مالک تیرا

بھیج کر نبیؐ ناکامی سے تو نے بچایا　　　　دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا
سوجھے پاؤں کھڑا رہتا نبیؐ میرا　　　　دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ
لک الحمد والشکر مالک تیرا

تیری ہر نعمت سے فیض میں نے اٹھایا　　　　دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا
حلیم کو شاکر بندہ بننا تو نے سکھایا　　　　دل کی ہے صدا شکر ہے مالک تیرا

کہا لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ
لک الحمد والشکر مالک تیرا